حیسکو پریس ریلیز مورخہ 15اکتوبر 2021ء

وزیرِ اعظم پاکستان محترم عمران خان کی ہدایت پر حیسکو انتظامیہ کی جانب سے عید میلاد النبی ﷺ منانے کیلئے کل بروز ہفتہ 16 اکتوبر کو حیسکو پاور ونگ کالونی لان میں رات 8.00 بجے پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا۔ جس میں تمام حیسکو ملازمین شرکت کرینگے۔ حیسکو ترجمان

مزید برآں حیسکو چیف ریحان حمید نے تمام صارفین/عوام سے اپیل کی ہے کہ ہم سب مسلمان ہیں اور ہمیں اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی وِلادت باسعادت کا جشن عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے خوشی منانے کا شرعی اور قانونی حق حاصل ہے عید میلاد النبی ﷺ ایک ایمانی فریضہ ہے، جسے چوری کی بجلی سے نہیں منایا جاسکتا، 12 ربیع الاول کو قانونی طریقے سے بجلی کنکشن کے ذریعے چراغاں کیا جائے۔ بجلی چوری سے گریز کریں۔

حیدرآباد ( ) حیسکو ترجمان کے مطابق وزیرِ اعظم پاکستان محترم عمران خان کی ہدایت پر حیسکو انتظامیہ کی جانب سے عید میلاد النبی ﷺ منانے کیلئے کل بروز ہفتہ 16 اکتوبر کو حیسکو پاور ونگ کالونی لان میں رات 8.00 بجے پروگرام کا انعقاد کیا جائے گا۔ جس میں تمام حیسکو ملازمین شرکت کرینگے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو ریحان حمید کی عوام سے اپیل ہے کہ ہم سب مسلمان ہیں اور ہمیں اپنے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا عید میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے خوشی منانے کا شرعی اور قانونی حق حاصل ہے، اس لیئے حیسکو صارفین/عوام سے گذارش ہے کہ اپنے گھروں، گلیوں، محلوں وغیرہ میں عید میلاد النبی ﷺ کا جشن منانے کیلئے چراغاں قانونی طریقے سے چلنے والے بجلی کنکشن سے لیا جائے اور یہ ایمانی فریضہ ہے، جس بجلی چوری کے ساتھ نہیں منایا جاسکتا، تمام حیسکو صارفین سے گذارش ہے کہ چراغاں کرنے کیلئے بجلی چوری (کنڈے) سے گریز کریں۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔ واضح رہے کہ وزیرِ اعظم پاکستان محترم جناب عمران خان کی ہدایت پر ماہ ربیع الاول میں عید میلاد النبی ﷺ شیانِ شان طریقے سے منانے کے اعلان کے بعد حیسکو انتظامیہ کی جانب سے تمام بجلی صارفین کو ماہ مبارک میں زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے ساتھ ساتھ علماء کرام کی مشاورت سے حیدرآباد شہر کے 49 فیڈروں اور مجموعی طور پر 120 عدد فیڈروں کے علاقوں میں شام 6:45 بجے سے صبح 5:45 بجے تک بجلی کی بندش نہیں کی جائے گی۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایت ہیں کہ ماہ ربیع الاول میں اپنے اپنے علاقے کے ضلعی انتظامیہ سے مسلسل رابطے میں رہیں اور علماء کرام کے ساتھ مشاورت کرتے ہوئے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائیں، تاکہ میلاد النبی ﷺ کی تقریبات میں بجلی سے متعلق کسی بھی قسم کی پریشانی درپیش نہ آسکے۔ خصوصاً 12 ربیع الاول کے دن بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ موبائل ٹیمیں بھی فنی خرابی کو دور کرنے کیلئے 24 گھنٹے الرٹ رہینگی۔ اور تمام سب ڈویژن، ڈویژنوں میں تکنیکی ٹیموں کو الرٹ کردیا گیا ہے تاکہ میلاد النبی ﷺ کی تقریبات میں بجلی سے متعلق کسی بھی قسم کی پریشانی درپیش نہ آسکے۔ خصوصاً 12 ربیع الاول کے دن بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ اور میلاد کمیٹیوں کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے گا۔